کے افسانہ نزولِ مسیح کا تجزیہ ۔ ۴۰ پیسے کے ٹکٹ بھیجیں

ڈاکٹر مسعود الدین عثمانی کا لٹریچر پتہ: توحید روڈ، کیماڑی کراچی۔ ایک ضخیم پمفلٹ دو حصے، کا نام "توحید خالص" ہے، دوسرا "وفات المتنبیٰ" ہے۔ تیسرا "عذاب قبر"، چوتھا "یہ قبریں، یہ آستانے" کے نام سے ہے۔ انگریزی میں لیف لیٹ ONE WAY TO SALVATION ہے ایک اور اردو پمفلٹ "جہاں را انقلابے دیگرے دہ" کے عنوان سے ہے۔ (بلاقیمت) خواہش مند حضرات خود ہی منگوا کر رائے قائم کریں۔ ہم تو اتنا ہی سمجھیں گے کہ عثمانی صاحب ایک بڑے نصب العین کے لیے منظم کام کرنے کی راہ سے ہٹے تو وہ طرح طرح کی بحثوں میں اُلجھ کر رہ گئے۔

قرآنی ناپ تول از جناب عالم فقری۔ ناشر: ادارہ پیغام القرآن، عزنی اسٹریٹ اردو بازار، لاہور۔ ناپ تول درست رکھنے کے متعلق اسلامی ہدایات۔ قیمت درج نہیں۔

کتاب مقدس کا کورس ایگزیکٹو سیکرٹری پاکستان بائیبل کارسپانڈنس سکول۔ مقام اشاعت مسیحی اشاعت خانہ، ۳۶ فیروز پور روڈ۔ خط و کتابت کے ذریعے عیسائیت کی تبلیغی مہم بشکل اسباق۔ پاکستانی مسلمانوں کو عیسائی مشن راہ حق دکھانے کی مہم چلا رہے ہیں۔ صرف خرچ ڈاک دینا ہوگا۔

مولانا علی میاں اور مولینا نعمانی سے استفسار سوالات از سید حامد الکاف۔ ناشر: اشاعت المسلمین ۳۳/۱ فیصل شہید کالونی، کراچی ۲۵۔ قیمت: ۴/۵۰ روپے

دونوں متذکرہ عنوان بزرگوں کی مولینا مودودیؒ پر خاص کرم فرمائیاں رہی ہیں۔ خدا جزا دے۔ عجیب بات یہ ہوئی کہ "قرآن کی چار بنیادی اصطلاحیں" جیسی صاف ستھری علمی و تحقیقی کتاب کو بھی نشانہ بنایا گیا جس کے لیے پہلے اچھے کلمات بھی ارشاد ہو چکے تھے۔ اس پر سید حامد الکاف نے یہ بحث اُٹھائی۔ مگر میرا خیال ہے کہ ان بزرگوں کا ہر حال میں احترام کرتے ہوئے ان کو ان کے مشغلوں میں مصروف چھوڑ دیا جائے۔ بحثا بحثی سے کوئی فائدہ نہیں۔